प्रश्न पुस्तिका क्रमांक / Question Booklet Serial No. 103- 0228881

# ANNUAL EXAMINATION - 2026

# CLASS IX

विषय कोड :
Subject Code : **103**

# URDU (MT)

कुल प्रश्न : 100 + 4 = 104

**Total Questions : 100 + 4 = 104**

कुल मुद्रित पृष्ठ : 16

**Total Printed Pages : 16**

(समय : 3 घंटे 15 मिनट)

[ Time : 3 Hours 15 Minutes ]

( पूर्णांक : 100)

[ Full Marks : 100]

---

***Instructions for the candidates :***

1. ***Candidates must enter his / her Question Booklet Serial No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet.***
2. *Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*
3. *Figures in the left hand margin indicate full marks.*
4. *15 minutes of extra time have been allotted for the candidates to read the questions carefully.*
5. *This question booklet is divided into two Sections.* ***Section-A*** *and* ***Section-B***.

M-103

6. *In **Section-A**, there are **100 objective type questions**, out of which **any 50 questions are to be answered**. If more than 50 questions are answered, then only first 50 will be evaluated. Each question carries **1 mark**. For answering these darken the circle with **blue/black ball pen** against the correct option on **OMR** Answer Sheet provided to you. **Do not use whitener/liquid/blade/nail etc. on OMR Answer sheet, otherewise the result will be treated invalid.***
7. *In **Section-B**, there are **4 short answer and long answer type questions**. Marks indicate left side against each questions.*
8. *Use of any electronic appliances is strictly prohibited.*

**ہدایات :**

1. امیدواروں کو **OMR** جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل نمبر (10 ہندسوں میں) لکھنا ہوگا۔
2. امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں۔
3. بائیں طرف حاشئے میں درج اعداد کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔
4. سوالات پڑھنے کے لیے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے۔
5. یہ سوالیہ کتابچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ **سیکشن – A** اور **سیکشن – B**۔
6. **سیکشن – A میں 100 معروضی سوالات ہیں، ان میں سے صرف 50 سوالوں کا جواب دینا ہے۔** اگر 50 سے زائد سوالوں کے جواب دیے جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا۔ **ہر ایک کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔** ان کا جواب دینے کے لئے مہیا کئے گئے **OMR** جوابی شیٹ پر صحیح جواب کے سامنے **نیلے/کالے بال پین سے دائرے کو بھریں۔ OMR جوابی شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ ناقابل قبول ہوگا۔**
7. **سیکشن–B میں 4 مختصر جواب اور طویل جواب والے سوالات ہیں۔** ہر ایک سوال کے لیے بائیں جانب مارکس درج ہیں۔
8. کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔

## SECTION - A

درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ کے جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے : 50 × 1 = 50

1. لکھنؤ کے دو بانکے کس سواری سے سفر کر رہے تھے ؟

(A) ہوائی جہاز
(B) بیل گاڑی
(C) تانگہ
(D) ریل گاڑی

2. شاملِ نصاب افسانہ "شاید" کے افسانہ نگار کون ہیں ؟

(A) الفانسو داودے
(B) کرشن چندر
(C) شکیلہ اختر
(D) پریم چند

3. "سرشار" کا اصل نام کیا تھا ؟

(A) برج نارائن
(B) پنڈت رتن ناتھ
(C) منشی پریم چند
(D) سہیل عظیم آبادی

4. "مسدس حالی" کس کی تجویز پر تخلیق کیا گیا ؟

(A) شبلی نعمانی
(B) مرزا غالب
(C) سر سید احمد خاں
(D) ڈپٹی نذیر احمد

5. شاعر نے سپنوں کا جہان کسے کہا ہے ؟

(A) اپنی اولاد کو
(B) اپنے والدین کو
(C) اپنے وطن ہندوستان کو
(D) ان میں سے کسی کو نہیں

6. نظم "پرچھائیاں" کے نظم نگار کون ہیں ؟

(A) دلاور فگار
(B) زبیر رضوی
(C) الطاف حسین حالی
(D) ساحر لدھیانوی

7. خواجہ الطاف حسین حالی کا انتقال کب ہوا ؟

(A) 1910ء
(B) 1912ء
(C) 1913ء
(D) 1914ء

8. لڑکی کے گھر کے آنگن میں کس پھل کا پیڑ تھا ؟

(A) انار
(B) خوبانی
(C) سیب
(D) اخروٹ

9. لفظ "صحن" کے معنی کیا ہیں ؟

(A) کمرہ (B) چھت

(C) آنگن (D) دالان

10. طالب علم کس کے خوف سے سہم رہا تھا ؟

(A) ماسٹر کے (B) ہیڈ ماسٹر کے

(C) مونیٹر کے (D) اپنے گارجین کے

11. ایسی نثری تخلیق جو ایک ہی نشست میں پڑھی جائے، کیا کہلاتا ہے ؟

(A) داستان (B) ناول

(C) افسانہ (D) ڈرامہ

12. زبیر رضوی کی جائے پیدائش کہاں ہے ؟

(A) میرٹھ (B) امروہہ

(C) حیدرآباد (D) دلّی

13. دبیرؔ کس مشہور شاعر کے ہم عصر رہے ہیں ؟

(A) ابراہیم ذوق (B) مرزا غالب

(C) میر تقی میر (D) میر انیس

14. دلاور فگار کے والد کا نام کیا تھا ؟

(A) شاکر حسین (B) ذاکر حسین

(C) غالب حسین (D) ناصر حسین

15. کس صنف شاعری میں کسی کی مدح یا ہجو کے اشعار کہے جاتے ہیں ؟

(A) مرثیہ (B) قصیدہ

(C) غزل (D) رباعی

16. شامل نصاب "قومی تعلیم" کیا ہے ؟

(A) انشائیہ (B) مضمون

(C) خودنوشت (D) خطبہ

17. مولانا ولایت علی صادق پوری کا انتقال کب ہوا ؟

(A) 5 نومبر 1852ء (B) 10 نومبر 1853ء

(C) 15 نومبر 1854ء (D) 20 نومبر 1855ء

18. ناول ''ضدی'' کے ناول نگار کون ہیں ؟

(A) شکیلہ اختر
(B) عصمت چغتائی
(C) بیگم انیس قدوائی
(D) قرۃ العین حیدر

19. شاملِ نصاب افسانہ ''بادپیما کی یہ دلربا کہانی'' کس زبان کا ترجمہ ہے ؟

(A) فرانسیسی زبان
(B) چینی زبان
(C) اطالوی زبان
(D) انگریزی زبان

20. علامہ شبلی نعمانی کے والد کیا تھے ؟

(A) ڈاکٹر
(B) تاجر
(C) وکیل
(D) سیاست داں

21. اردو قواعد کے کتنے حصے ہیں ؟

(A) تین
(B) چار
(C) پانچ
(D) سات

22. درج ذیل میں واوٴ معدولہ کی پہچان کیجیے :

(A) خون
(B) خواب
(C) زور
(D) نور

23. بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(A) دو
(B) تین
(C) چار
(D) پانچ

24. ''ابوحنیفہ'' عَلم کی کون سی قسم ہے ؟

(A) کنیت
(B) لقب
(C) خطاب
(D) تخلص

25. درجِ ذیل میں اسمِ آلہ کی نشاندہی کیجیے :

(A) اسکول
(B) گھر
(C) اچھا
(D) قینچی

26. وہ لفظ جس کا استعمال اسم کے بدلے یا اس کی جگہ پر کیا جائے، اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) اسم
(B) فعل
(C) صفت
(D) ضمیر

27. مغل بادشاہ اورنگ زیب کی وفات کب ہوئی ؟

(A) 1702ء (B) 1704ء

(C) 1705ء (D) 1707ء

28. اپنے کئے کا الزام اللہ پر دھرنے کو کون سکھاتا ہے ؟

(A) انسان (B) ابلیس

(C) حیوان (D) درویش

29. اختر انصاری کا مجموعۂ کلام کون سا ہے ؟

(A) نغمۂ سنگ (B) روحِ نغمہ

(C) نغمۂ روح (D) نغمۂ دل

30. برقؔ کس عہدے سے سبکدوش ہوئے ؟

(A) صدر شعبۂ اردو (B) صدر شعبۂ فارسی

(C) صدر شعبۂ انگریزی (D) صدر شعبۂ تاریخ

31. اقبالؔ کا مزار کہاں ہے ؟

(A) کراچی (B) لاہور

(C) اسلام آباد (D) ملتان

32. دردؔ کی شاعری اردو کے علاوہ اور کس زبان میں ہے ؟

(A) عربی (B) فارسی

(C) ترکی (D) انگریزی

33. شاملِ نصاب ''رخصتِ حضرت عباس علم بردار'' کے تخلیق کار کون ہیں ؟

(A) سلامت علی دبیر (B) شادؔ عظیم آبادی

(C) خواجہ الطاف حسین حالیؔ (D) خواجہ میر درد

34. جمیل مظہری کی غزلوں کا پہلا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا ؟

(A) فکرِ جمیل (B) ذکرِ جمیل

(C) نقشِ جمیل (D) رقصِ جمیل

35. شاعر کے مطابق ہولی میں سب کے لباس کس رنگ کے ہو جاتے ہیں ؟

(A) کالے (B) کیسری

(C) سفید (D) لال

36. اردو میں غزل گوئی کا آغاز کس شاعر سے مانا جاتا ہے ؟

(A) محمد قلی قطب شاہ (B) ولی دکنی

(C) فائز دہلوی (D) امیر خسرو

37. شادؔ کا دادیہال کہاں تھا ؟

(A) قاضی گنج (B) معروف گنج

(C) حاجی گنج (D) منصور گنج

38. 'بسمل عظیم آبادی' کے مجموعۂ کلام کا نام کیا تھا ؟

(A) رقصِ جمیل (B) حکایاتِ ہستی

(C) رقصِ شرر (D) نقشِ جمیل

39. 1957ء میں ڈاکٹر ذاکر حسین کو کس صوبہ کا گورنر بنایا گیا ؟

(A) بنگال (B) بہار

(C) پنجاب (D) اُڑیسہ

40. مولانا ولایت علی نے تحصیلِ علم کی شروعات کس عمر سے کی ؟

(A) چار برس (B) پانچ برس

(C) چھ برس (D) سات برس

41. "خاکا" کس لفظ کا ترجمہ ہے ؟

(A) فرانسیسی لفظ (B) انگریزی لفظ

(C) لاطینی لفظ (D) اطالوی لفظ

42. "میرا ادبی سفر" کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) خودنوشت (B) سفرنامہ

(C) ترجمہ نگاری (D) مکتوب نگاری

43. عصمت چغتائی کا انتقال کب ہوا ؟

(A) 1990ء (B) 1991ء

(C) 1992ء (D) 1993ء

44. کرشن چندر کا پہلا ناول کون ہے ؟

(A) ایک گدھے کی سرگذشت (B) جب کھیت جاگے

(C) آسمان روشن ہے (D) شکست

45. لڑکی اور لڑکے نے مل کر ساتھ ساتھ کتنے بھٹے کھائے تھے ؟

(A) ایک (B) تین

(C) دو (D) چار

46. کس ندی میں طغیانی کے سبب سیلاب آیا تھا ؟

(A) کوسی ندی (B) گنگا ندی

(C) پھلگو ندی (D) پُن پُن ندی

47. درجِ ذیل میں مذکر کی پہچان کیجئے :

(A) آبرو (B) آنچ

(C) آستانہ (D) آگ

48. کسی کام کے کرنے کا اثر جس پر پڑے گا، اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) فعل (B) فاعل

(C) مفعول (D) اسم

49. ''تم سب پڑھتے ہو۔'' اس جملہ میں ''تم سب'' کون صیغہ ہے ؟

(A) واحد غائب (B) جمع غائب

(C) واحد متکلم (D) جمع حاضر

50. لفظ.......... سے بنتے ہیں ؟

(A) اسم (B) فعل

(C) جملہ (D) حرف

51. اردو زبان میں حروف مرکب کی تعداد کتنی ہے ؟

(A) 14 (B) 15

(C) 20 (D) 25

52. ''پھولے نہ سمانا'' کا مطلب ہے ؟

(A) پھول خریدنا (B) بہت خوش ہونا

(C) پھول جیسی چیز (D) پھول پرونا

53. ''مغرب'' کی ضد کیا ہوگی ؟

(A) مشرق (B) جنوب

(C) شمال (D) غروب

54. درج ذیل میں حروف منقط کی پہچان کیجئے :

(A) م (B) ح

(C) د (D) ن

55. درج ذیل میں مونث کی نشاندہی کیجئے :

(A) پہاڑ (B) انگور

(C) پیاس (D) بخار

56. افسانہ "پورے چاند کی رات" کے افسانہ نگار کون ہیں ؟

(A) شکیلہ اختر (B) الفانسوداد ے

(C) کرشن چندر (D) سکنٹف اینڈ سکنٹف

57. شکیلہ اختر کا پہلا افسانہ کون ہے ؟

(A) درپن (B) آگ اور پتھر

(C) ڈائن (D) رحمت

58. سرشار کی پیدائش کب ہوئی ؟

(A) 1847ء میں (B) 1848ء میں

(C) 1849ء میں (D) 1850ء میں

59. ماسٹر صاحب نے بلیک بورڈ پر کیا لکھ دیا ؟

(A) زندہ باد فرانس (B) زندہ باد جرمن

(C) زندہ باد جاپان (D) زندہ باد روس

60. الفانسوداد ے کس زبان کے ادیب تھے ؟

(A) چینی زبان (B) جاپانی زبان

(C) انگریزی زبان (D) فرانسیسی زبان

61. "فسانۂ آزاد" کے مصنف کون ہیں ؟

(A) رتن ناتھ سرشار (B) منشی پریم چند

(C) سہیل عظیم آبادی (D) شکیلہ اختر

62. عام بول چال کی زبان میں سفر کے حالات لکھنے کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) ڈرامہ (B) سفر نامہ

(C) خودنوشت (D) مکتوب نگاری

63. بیگم انیس قدوائی کا انتقال کب ہوا ؟

(A) 16 جولائی 1980ء
(B) 16 اگست 1981ء
(C) 16 ستمبر 1982ء
(D) 16 جولائی 1982ء

64. ''تعلیم قدیم وجدید'' کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) افسانہ
(B) ناول
(C) مضمون
(D) سفرنامہ

65. ''انگریزی انشائیوں کا شہزادہ'' کسے کہا جاتا ہے ؟

(A) چارلس لیمب
(B) آلیور گولڈ اسمتھ
(C) ٹامس کارلائل
(D) جان رسکن

66. ''مغربی انشائیے'' کا ترجمہ کس نے کیا ؟

(A) کرشن چندر
(B) سلیم آغا قزلباش
(C) ابن انشا
(D) شبلی نعمانی

67. ابن انشا کی پیدائش کب ہوئی ؟

(A) 1921ء
(B) 1923ء
(C) 1925ء
(D) 1927ء

68. ساحر کا اصل نام کیا ہے ؟

(A) عبدالحق
(B) عزیزالحق
(C) عبدالحئی
(D) انعام الحق

69. ''یہ ہے میرا ہندوستان'' کے نظم نگار کون ہیں ؟

(A) دلاور فگار
(B) سبرا نیم بھارتی
(C) زبیر رضوی
(D) ساحر لدھیانوی

70. کس نظم میں آزادی کا گیت گایا گیا ہے ؟

(A) یہ ہے میرا ہندوستان
(B) آج کا اسٹوڈنٹ
(C) نغمۂ آزادی
(D) پرچھائیاں

71. لفظ ''کوکب'' کے کیا معنی ہیں ؟

(A) چاند (B) سورج

(C) آسمان (D) ستارہ

72. دبیرؔ کے والد کا کیا نام تھا ؟

(A) مرزا غالب (B) مرزا عامر

(C) مرزا غلام حسین (D) مرزا بابر

73. ''نغمۂ آزادی'' اصل میں کس زبان میں لکھی گئی نظم ہے ؟

(A) ملیالم (B) تیلگو

(C) تمل (D) کنڑ

74. ''ارض'' کا ہم صوت لفظ کیا ہوگا ؟

(A) قرض (B) عرض

(C) فرض (D) مرض

75. ''یہ پرانی گاڑی ہے۔'' اس جملہ میں موصوف کون ہے ؟

(A) یہ (B) پُرانی

(C) گاڑی (D) ہے

76. درج ذیل میں اسم مکبّر کی نشاندہی کیجیے :

(A) باغ (B) دریچہ

(C) ڈبیہ (D) کٹوری

77. زمان و مکان کا نام کس میں ہوتا ہے ؟

(A) اسمِ کیفیت (B) اسمِ مکبّر

(C) اسمِ آلہ (D) اسمِ ظرف

78. ''میں اپنے گاؤں جاؤں گا۔'' یہ کون سا زمانہ ہے ؟

(A) فعل مستقبل (B) فعل حال

(C) فعل ماضی (D) ان میں سے کوئی نہیں

79. درج ذیل میں سابقہ کی تلاش کیجیے :

(A) قبرستان (B) عیدگاہ

(C) دولت مند (D) لاجواب

80. اسمِ نکرہ کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(A) دو (B) چار

(C) سات (D) آٹھ

81. درج ذیل میں ''نون ظاہر'' کی پہچان کیجئے :

(A) جنگ (B) امان

(C) رنگ (D) پلنگ

82. ''ایک پنتھ دو کاج'' کہاوت کا مطلب کیا ہے ؟

(A) ضرورت سے زیادہ ملنا (B) ایک کام کے ساتھ کئی کام نکالنا

(C) کسی بات پر اڑ جانا (D) ضرورت سے بہت کم ملنا

83. آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا ایک یادگار اجلاس بہار کے کس شہر میں ہوا ؟

(A) پٹنہ (B) گیا

(C) مظفر پور (D) بہار شریف

84. ان میں سے کون سے تصنیف برقؔ کی ہے ؟

(A) فکر و نظر (B) نقطۂ نظر

(C) غور و فکر (D) نقد و نظر

85. اقبالؔ انگلینڈ کیوں گئے تھے ؟

(A) اعلیٰ تعلیم کے لئے (B) نوکری کرنے کے لئے

(C) سیر و تفریح کرنے کے لئے (D) ان میں سے کوئی نہیں

86. شادؔ عظیم آبادی کو 1889ء میں برٹش گورنمنٹ نے کس خطاب سے نوازا ؟

(A) جنگ بہادر (B) شمس العلماء

(C) نجم الدولہ (D) خان بہادر

87. دردؔ کا تعلق تصوف کے کس سلسلے سے تھا ؟

(A) فردوسیہ (B) چشتیہ

(C) نقشبندیہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

88. فائزؔ کہاں کے رہنے والے تھے ؟

(A) لکھنؤ (B) دہلی

(C) پٹنہ (D) دکن

89. شاملِ نصاب ''ہیرو'' کیا ہے ؟

(A) انشائیہ (B) افسانہ

(C) ڈرامہ (D) سفرنامہ

90. کسی شخص کے اپنی زندگی سے متعلق خود لکھے ہوئے حالات کیا کہلاتا ہے ؟

(A) مکتوب نگاری (B) سفرنامہ

(C) خودنوشت (D) ڈرامہ

.91 ڈاکٹر ذاکر حسین کا انتقال کب ہوا ؟

(A) 1966ء (B) 1967ء
(C) 1969ء (D) 1970ء

.92 ساحرؔ کی والدہ کا کیا نام ہے ؟

(A) سروری بیگم (B) سردار بیگم
(C) اکبری بیگم (D) اختری بیگم

.93 جس مضمون میں مضمون نگار ظریفانہ رُخ اختیار کرے، اسے کس طرح کا مضمون کہا جائے گا ؟

(A) تنقیدی مضمون (B) علمی مضمون
(C) سائنسی مضمون (D) ظریفانہ مضمون

.94 ''ہیرو'' کتنی طرح کے ہوتے ہیں ؟

(A) دو (B) تین
(C) پانچ (D) بے شمار

.95 ''اکرم فٹبال کھیل رہا ہے۔'' اس جملہ میں ''اکرم'' کیا ہے ؟

(A) فعل (B) مفعول
(C) صفت (D) فاعل

.96 ''آپ لوگ کیا کرتے ہیں ؟'' یہ کیسا جملہ ہے ؟

(A) خبریہ (B) فجائیہ
(C) سوالیہ (D) امریہ

.97 درجِ ذیل میں مہمل لفظ کی نشاندہی کیجئے :

(A) قلم (B) ولم
(C) روٹی (D) کام

.98 درج ذیل میں ''خط'' کا مترادف کیا ہوگا ؟

(A) دوست (B) عداوت
(C) ساخت (D) مکتوب

.99 ''حکم'' کی جمع کیا ہوگی ؟

(A) حکام (B) احکام
(C) حاکم (D) محکوم

.100 وہ کلمہ جس سے کسی اسم کی کیفیت، حالت، اچھائی یا برائی کا اظہار ہو، کیا کہلاتا ہے ؟

(A) اسم (B) فعل
(C) ضمیر (D) صفت

## SECTION - B

1. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون (۲۵۰ سے ۳۰۰ لفظوں میں) لکھئے : 1 × 10 = 10

(a) یوم آزادی (پندرہ اگست)

(b) میرا پسندیدہ کھیل

(c) سردی کا موسم

(d) علم کی اہمیت

(e) ہمارا گاؤں

2. اپنی چھوٹی بہن کو خط لکھئے جس میں تعلیم کی اہمیت کا ذکر ہو۔ 1 × 5 = 5

یا

اپنے وارڈ کاؤنسلر کی خدمت میں ایک درخواست لکھئے جس میں محلے کی صفائی اور روشنی پر توجہ مبذول کیجئے۔

3. درج ذیل سوالات میں سے کسی دس (۱۰) سوالات کا جواب مختصر دیجئے : 10 × 2 = 20

(a) شرسار کا انتقال کہاں اور کب ہوا ؟

(b) ابن انشا کا تعلق کس صنف ادب سے ہے ؟

(c) مرزا غالب اور آم کے بارے میں مضمون نگار نے کیا لکھا ہے ؟

(d) علامہ شبلی نعمانی کی دو تصنیف کردہ کتابوں کا نام لکھئے۔

(e) ہمیں کس کی خدمت میں اف نہیں کرنا چاہیئے ؟

(f) "مسدس حالی" کس کی تجویز پر تخلیق کیا گیا ؟

(g) ذوقؔ کس بادشاہ کے استاد تھے ؟

(h) ساحرؔ کے دو شعری مجموعوں کے نام لکھئے۔

(i) کبیرا کس کی خیر مانگتا ہے ؟

(j) اقبال نے اپنی غزلوں میں کس کو مخاطب کیا ہے ؟

(k) فعل کی تعریف کریں اور مثال دیں۔

(l) کون سی ایسی ذات ہے جس کی مثال ملنی ناممکن ہے ؟

(m) ڈاکٹر ذاکر حسین انتقال کے وقت کس عہدے پر فائز تھے ؟

(n) لڑکی لڑکے کے لئے کھانے کی کیا کیا چیزیں لائی تھی ؟

(o) کہانی ''آخری سبق'' کے مصنّف کا نام کیا ہے ؟

(p) عورت کو سیلاب کی وجہ سے ہونے والی بربادیوں میں کس چیز کے بادہو جانے کا افسوس اور صدمہ سب سے زیادہ تھا ؟

(q) آج کا اسٹوڈنٹ یو-این-او کو بقول شاعر کیا سمجھتا ہے ؟

(r) بیگم انیس قدوائی کا مضمون ''قدوائی خاندان'' کس صنف سے متعلق ہے ؟

(s) اسم معرفہ کی تعریف مثال کے ساتھ کیجئے۔

(t) بسمل عظیم آبادی کا پورا نام کیا تھا ؟

4. درج ذیل سوالوں میں سے کسی تین (۳) کے جواب دیجئے : 3 x 5 = 15

(a) افسانہ ''پورے چاند کی رات'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے۔

(b) مرثیہ کے اجزائے ترکیبی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(c) علامہ اقبال کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالئے۔

(d) نظم ''پرچھائیاں'' کا مرکزی خیال پیش کیجئے۔

(e) لکھنؤ کے بانکوں کے بارے میں انشائیہ نگار نے کیا لکھا ہے ؟

(f) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ (۵) کی جمع لکھئے :

(i) ملک

(ii) قاعدہ

(iii) عام

(iv) لقب

(v) عالم

(vi) تصویر

(vii) ادب

(viii) مسجد

(ix) ضرورت

(x) روح